© rasailojaraid.com

## اخبار الجامعہ

### جامعہ کی ۷اویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف واہلحدیث کانفرنس

جامعہ کی ۷اویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف و اہلحدیث کانفرنس مورخہ ۱۳ اکتوبر بمطابق ۴ارجب منعقد ہوئی۔ پروگرام کے مطابق تقریب کاآغاز محقق العصر مولانا زبیر علی زئی (حضرو۔اٹک) کے خطبہ جمعہ سے ہوا۔ نماز جمعہ کے فوراً بعد استاذالاساتذہ شیخ الحدیث حضرت العلام مولانا پیر محمد یعقوب قریشی صاحب نے صحیح بخاری شریف کی آخری حدیث پر بڑا فاضلانہ درس ارشاد فرمایا۔ نماز عصر کے فوراً بعد شیخ القرآن حضرت مولانا عبدالسلام رستمی (پشاور) نے سیرت وفقاہت امام بخاریؒ کے عنوان پر بڑاعالمانہ خطاب فرمایا۔ رئیس الجامعہ علامہ مدنی صاحب کی دعاسے یہ مبارک تقریب اختتام کو پہنچی۔ یادرہے کہ امسال پندرہ طلبہ نے سندِ فراغت حاصل کی۔ رات کواہلحدیث کانفرنس سے مولانا بہادر علی سیف اور دیگر علماء نے خطاب کیا۔

### جامع مسجد اہلحدیث سوہاوہ میں افتتاحی خطبہ جمعہ

مورخہ ۲۴ نومبر بمطابق ۲۷ شعبان کو جامع مسجد اہلحدیث سوہاوہ ضلع جہلم میں افتتاحی خطبہ جمعہ رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے ارشاد فرمایا۔ پروگرام کے بڑے بڑے اشتہارات اور بینر کئی روز پیشتر ہی سوہاوہ میں لگادیے گئے تھے۔ اس روز مسجد کو جانے والی سڑک اور جی ٹی روڈ کو جھنڈوں اور بینروں سے سجادیا گیا تھا۔ جمعہ میں مقامی لوگوں کے علاوہ اردگرد کے علاقوں سے بھاری تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ مسجد کا ہال، برآمدہ اور صحن لوگوں سے بھر گیا تو فوری طور پر مسجد کے باہر دریاں بچھا کر انتظام کیا گیا۔ مستورات کیلئے مسجد سے ملحقہ گھر میں نماز پڑھنے کا اہتمام کیا گیا تھا۔ مسجد کی تعمیر پر مقامی لوگوں نے بالخصوص اہلِ محلّہ نے بڑی خوشی ومسرت اور اطمینان کا اظہار کیا، جہاں صبح وشام ان کے بچوں کو قرآن پاک اور مسنون نماز اور دعاؤں کی تعلیم اور ان کی دینی تربیت کی جائے گی۔ نمازِ جمعہ کے بعد تمام لوگوں کے لئے مقامی لوگوں کی طرف سے کھانے کا اہتمام کیا گیا تھا۔ رمضان المبارک میں شیخ محمد عمر صاحب کے بیٹے حافظ محمد زبیر صاحب نمازِ تراویح میں قرآن مجید سنارہے ہیں۔

### جامع مسجد اہلحدیث کالا گجراں (متصل المعراج فلور مل) نے جلسۂ سیرت النبی ﷺ

مورخہ ۱۶نومبر بروز جمعرات کو بعد نماز عشاء مذکورہ بالا مسجد میں سیرت النبی ﷺ کے عنوان پر ایک عظیم الشان جلسہ عام ہوا۔ جس میں رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب کے صدارتی خطاب کے علاوہ مولانا بہادر علی سیف جھنگوی اور مولانا محمد نعیم بٹ صاحب نے خطاب فرمایا۔ قاری عبدالوہاب صدیقی نے نعتیہ کلام پیش کیا۔

© rasailojaraid.com